دار الافتاء ٩٥/١٢٥

حضرات مفتیان کرام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام ڈاکٹر اسرار احمد اور انکی بنائی ہوئی جماعت کے بارے میں کہ آیا انکے عقائد و نظریات قرآن وسنت کے عین مطابق ہیں یا نہیں؟

ڈاکٹر اسرار احمد اگرچہ اس دنیا سے کوچ کر گئے ہیں مگر انکی بنائی ہوئی جماعت پاکستان کے مختلف شہروں میں قرآن پاک کی تعلیم دینے کیلئے کوشاں ہیں اور ہوسکتا ہے کہ یہ لوگ اس تعلیم کے سہارے اپنی تبلیغ بھی کرتے ہوں. تشویش اس بات کی ہے کہ جسکی وجہ سے آپ اصحاب سے ان لوگوں کے بارے میں معلوم کیا جا رہا ہے کہ ان لوگوں نے ہمارے علاقے میں تعلیم قرآن کے نام سے اپنا ایک سینٹر قائم کیا ہے جسمیں یہ لوگ بشرات کیساتھ مستورات کو تعلیم دیتے ہیں اور ان لوگوں کی سرپرستی ہمارے علاقے کے صرف ایک معزز شخص کر رہے ہیں اور ہوسکتا ہے کہ ان صاحب کو بھی ان لوگوں کی حقیقت معلوم نہ ہو کہ پس پردہ انکے اصل حقائق کیا ہیں اور ہم بھی اس معاملے میں کوئی زیادہ علم نہیں رکھتے ایک دو عالم دین سے معلوم کیا تو انہیں بھی اس بارے میں معلوم نہیں. آپ حضرات کے پاس تو بین الاقوامی ڈاک آتی ہیں اور آپکو اس بارے میں بہتر معلوم ہوگا تاکہ ان لوگوں کو علاقوں میں کام کرنے دیا جائے یا حکمت و مصلحت سے اپنے لوگوں کو ان لوگوں سے بچایا جائے قرآن وسنت کی روشنی میں رہنمائی فرمائیں.

(جواب مسئلہ)

بندہ احتشام الحق
میرپور ماتھیلو سندھ
13/05/2012

Mob: 03332082007

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

صورتِ مسئولہ میں ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مرحوم نے باقاعدہ کسی مستند دینی مدرسہ، یا کسی مستند عالم دین سے علمِ دین حاصل نہیں کیا تھا، بلکہ اس بارے میں وہ اپنے ذاتی مطالعہ پر اعتماد کیا کرتے تھے، جس کی وجہ سے ان کے محفوظ شدہ بیانات کو سننے یا اُن کے تحریر کردہ رسائل کو پڑھنے کی صورت میں اس بات کا قوی امکان ہے ان کو سننے والا، یا پڑھنے والا دین کے کسی مسئلہ کے بارے میں گمراہی کا شکار نہ ہو جائے۔ اس لئے مرحوم کی تنظیم کی جانب سے قائم کردہ ''تعلیم قرآن'' سینٹر میں خواتین وحضرات کا دینی تعلیم، بالخصوص قرآن کریم کی تفسیر کا علم حاصل کرنا، یا اس میں منعقد کردہ مختلف کورسز میں شرکت کرنا خطرہ سے خالی نہیں، لہذا اس میں شرکت کرنے اجتناب کرنا چاہئے۔

اپنے علاقہ میں مستند علماءِ کرام کی رہنمائی میں دین کی بنیادی تعلیم کی نشرواشاعت کا اہتمام کریں، نیز لوگوں کو اعتدال کیساتھ تبلیغی جماعت میں شرکت کی ترغیب دیں۔ واللہ اعلم

محمد سلمان سکھروی

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۱۲/رجب المرجب/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح

۱۲/۷/۱۴۳۳ھ

دار الافتاء ۹۵/۱۴۵۰ ۱۲/۷/۳۳

مفتی

Scanned by CamScanner